خبروں کا اعلامیہ

بجٹ 2024: محفوظ، خوش آئند کمیونٹیز میں سرمایہ کاری

29 فروری، 2024

اگلے سال کے لیے صوبائی حکومت کا نیا بجٹ البرٹنز کو جنگل کی آگ، سیلاب اور خشک سالی جیسے خطرات سے محفوظ اور مسلامت رکھے گا۔

مزید بر آں اس سے پولیس کے لیے رقم بھی بڑھ جاتی ہے۔

پچھلی موسم گرما میں جنگل کی آگ، سیلاب اور خشک سالی نے البرٹا کے کئی حصوں کو متاثر کیا۔ بجٹ 2024 جنگل کی آگ سے بچاؤ اور آگ بجھانے کی خدمات، سیلاب اور خشک سالی کے خاتمے کے منصوبوں میں بڑی سرمایہ کاری کے ذریعے البرٹنز اور ان کی کمیونٹیز کی حفاظت کرتا ہے۔ اس میں شامل ہیں:

- البرٹنز، جائیدادوں اور کاروباروں کے تحفظ کے لیے سیلاب اور خشک سالی کے خاتمے کے منصوبوں کے لیے تین سالوں میں 251 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری۔
- میونسپل اور علاقائی پانی اور گندے پانی کے منصوبوں کے لیے تین سالوں میں 539 ملین ڈالر۔
- البرٹا کی جنگل کی آگ سے نمٹنے کی تیاری کو بہتر بنانے کے لیے اگلے تین سالوں میں 151 ملین کی مقدار میں اضافی آپریٹنگ ڈالرز۔
- جنگل کی آگ کے نئے آلات اور سہولیات کے لیے تین سالوں میں 55 ملین ڈالر۔
- سطحی پانی کے انتظام کے لیے بنیادی ڈھانچے کے منصوبوں کے لیے418 ملین ڈالر، بشمول کسانوں کی مدد کے لیے آبپاشی کے نئے منصوبے

البرٹنز کو اپنی کمیونٹیز میں محفوظ محسوس کرنے میں مدد کرنے کے لیے، مالیاتی منصوبہ یہ ہے:

- نئی پولیس اور پہلے جواب دہندگان کے ساز و سامان (equipment) اور سہولیات کے لیے 49 ملین ڈالر
- سیف سٹریٹس ایکشن پلان (Safe Streets Action Plan) کے ذریعے کیلگری اور ایڈمنٹن کے اعلی جرائم والے علاقوں میں 100 پولیس افسران کے لیے 10 ملین ڈالر۔
- جرائم کی روک تھام، کمیونٹی کی حفاظت اور نفرت انگیز جرائم کے لیے گرانٹس میں 8 ملین ڈالر۔
- خاندانی تشدد کے متاثرین اور حملوں کے خطرے سے دوچار خواتین کی مدد کے لیے 85 ملین ڈالر۔

"البرٹنز کو اپنی کمیونٹیز میں کام کرنے اور رہائش میں محفوظ محسوس کرنے کا حق حاصل ہے، اور یہ بجٹ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہم اس صوبے میں عوامی تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے صحیح وسائل کا استعمال کر سکیں۔"

مائیک ایلس، منسٹر آف پبلک سیفٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز (Mike Ellis, Minister of Public Safety and Emergency Services)

میڈیا سے پوچھ گچھ

آرتھر گرین (Arthur Green)

arthur.green@gov.ab.ca

587-357-0108

پریس سیکرٹری، پبلک سیفٹی اور ایمرجنسی سروسز (Press Secretary, Public Safety and Emergency Services)